بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وصالِ حق طلبی ہم نشینِ نامش باش ببیں وصالِ خدا در وصالِ نامِ خدا
یقین بدان کہ تو با حق نشستہ شب و روز چو ہم نشینِ تو باشد خیالِ نامِ خدا

یا سید محی الدین شیخ عبد القادر جیلانی شیئاً للہ

رسالہ عجیبہ فی خواص اللہ الصمد با مواکیل

مفتاح الولایت

یعنی

من تالیفات

فقیر حکیم پیر سید محبوب علی شاہ بخاری

قادریہ غوثیہ بانوا

انجمن فیضانِ غوثیہ
پپلی پہاڑ روڈ دیپالپور
ضلع اوکاڑہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

رسالہ عجیبہ فی خواص

مفتاح الولایت

یعنی اللہ الصمد باموا کیل

من تالیفات

فقیر حکیم پیر سیّد محبوب علی شاہ بخاری

قادریہ غوثیہ بانوا

سرپرست اعلیٰ انجمن فیضان غوثیہ رجسٹرڈ (دیپالپور)

ناشرین

پیر سیّد محمد شاہ صاتم دیپالپور - پیر حافظ عبد الغنی ساہیوال۔
پیر سیّد عابد علی شاہ موج دریا دیپالپور - پیر سیّد نظیر علیشاہ مع پسران (کراچی)
پیر سیّد ابوصالح شاہ چمن دیپالپور پیر محمد احمد شاہ خدا داد کالونی (کراچی)
پیر سیّد ابوسعید شاہ گلشن - پیر حاجی احمد علی ناظم آباد (کراچی)
پیر مولوی محمد بشیر احمد علوی (سمندری) - پیر محمد فاروق ستّوں (کراچی)
پیر حاجی ھیتم علی جندران (کنجوانی) - پیر عنایت اللہ خاں چنگوانی (ڈیرہ غازیخاں)
پیر محمد یوسف انصاری (کامونکی) - سیّد صفدر حسین شیرازی (فیصل آباد)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مفتاح الولایت

ترکیب ریاضت اللہ الصمد با مواکیل کتب تصوف میں مختلف طریقوں پر درج ہے جس کو اکثر طالبانِ حق پڑھتے ھیں لیکن کما حقہ فوائد سے بے حصول رہتے ہیں اسکی وجہ یہ ہے کہ عمل اللہ الصمد با مواکیل صیح نہیں ہے جس کی وجہ سے پوری کامیابی حاصل نہیں ہوتی اس لیے فقیر سیّد محبوب علی نے بہ اجازت خاص اپنے پیشوا قل ہو اللہ شاہ طریقہ اللہ الصمد صیح رفاہِ عام کیلئے لکھا ہے تاکہ پورا فائدہ اٹھا کر دارین کے ہر مقصد میں کامیاب ہو کر سوائے اللہ تعالیٰ کے کسی کے محتاج نہ رھیں اور مصنف سیّد محبوب علی اور اس کی اولاد کو دُعاء خیر سے یاد کریں ۔

بابِ اوّل

باب اول میں دعوت ، زکوٰۃ ، عشر اور قفل کا ہے جب کوئی دعوتِ صمدیہ ادا کرنا چاہے تو اللہ الصمد با موکل اس طرح پڑھے :

اَللّٰهُ الصَّمَدُ آجِبْ یَا اِسْرَافِیْلُ آجِبْ یَا مَدُّوفَائِیْلُ یَا هُوْ كَلَادُنْ ۔

اسطرح چار لاکھ مرتبہ پڑھے اور چار حصے کرے : پہلا حصہ نصاب کی نیت سے پڑھے اور اس کو للّٰہ فی اللہ خدا کو بخش دے ۔ دوسرا حصہ زکوٰۃ کی نیت سے پڑھ کر اس کا ثواب رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بخش دے تیسرا حصہ عشر کی نیت سے پڑھ کر اس کا ثواب مصنف کتاب ہذا سیّد محبوب علی اور اس کی اولاد کو بخشے ۔ چوتھا حصہ قفل کی نیت سے پڑھے اور اس کا ثواب تمام مسلمانوں کی ارواح کو بخشے ۔ ایسا کرنے سے عامل

کے سارے دینی و دنیوی کام سر انجام ہو جائیں گے جس چیز پر نظر ڈالے گا مثل کبریت احمر کے کیمیا ہو جائے گی اور ولایت کے مرتبہ کو پہنچ جائے گا۔ جو آرزو دل میں کرے گا جلد بر آئے گی کیونکہ صمد اسم اعظم ہے اور صمد کے معنی نیاز مندوں کی پناہ ہیں۔ نصاب زکوٰۃ عشر اور قفل کے بعد درگاہ خداوندی میں ہاتھ اٹھا کر یوں عرض کرے کہ اے بار خدایا میں نے اپنی پہنچ کے مطابق نصاب، زکوٰۃ، عشر اور قفل پڑھ کر ادا کر دیا ہے تو اپنے لطف و کرم سے میری کل دینی و دنیوی حاجات بر لا۔ پھر اس کے بعد یہ دعا پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاِسْمِکَ اَللّٰہُ الصَّمَدُ اَجِبْ یَا اِسْرَافِیْلُ اَجِبْ یَا مَدُوْ قَائِیْلُ یَا ھُوْ کَلَانُ یَا عَالِمَ السِّرِّ وَالنَّجْوٰی یَا کَاشِفَ الضَّرِّ وَالْبَلْوٰی اِکْشِفْ عَنِّیْ الْحُزْنَ وَالْاَذٰی وَافْتَحْ عَنِّیْ فِی الْحَضَرِ وَالسَّفَرِ بَابِ الْمُرَادَاتِ مِنَ الدِّیْنِ وَالدُّنْیَا کُلِّ اَمْرٍ بِقُدْرَتِکَ یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا کَرِیْمُ اَعِنِّیْ بِحُرْمَتِ ھٰذِا الْاَسْمَآءِ بِحُرْمَتِ اَوْلَادِ الْحَسَنِ وَالْحُسَیْنِ سَیِّدِ مَحْبُوْبِ علی بِنْ سَیِّدِ عُثْمَانِ الْبُخَارِیْ وَجَمِیْعِ اَوْلِیَائِکَ وَاَصْفِیَآئِکَ وَمَلَائِکَتِکَ الْمُقَرَّبِیْنَ اِقْضِ حَاجَاتِیْ یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ

يَا عَالِمَ السِّرِّ وَالْخَفِيَّاتِ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

ترکیب ریاضت

ترکیبِ ریاضت یہ ہے کہ عروج ماہ قمری سعید بروز چہار شنبہ شروع کریں لیکن تاریخ دوم یا سوم نہ ہو پاکیزہ لباس پہن کر تنہا حجرہ میں بیٹھ کر بعد نمازِ عشاء اول و آخر اکیس اکیس مرتبہ درود شریف پڑھ کر اللہ الصمد باموکل چار لاکھ مرتبہ پڑھے یہ عامل کو اختیار ہے کہ تعداد چار لاکھ مرتبہ پڑھے۔ بیس روز سے ساٹھ روز تک جتنے دن میں چاہے پوری کرے۔ اس سے کم یا زیادہ دن نہ لگائے اور اثنا چلہ میں ترکِ حیوانات جلالی وجمالی کرے یعنی سوائے مونگ کی دال جو کی روٹی یا چاول جس میں صرف نمک یا کھانڈ کے سوا کچھ نہ کھائے گھی، دودھ، انڈا، مچھلی، پیاز، تھوم، مولی، ہینگ اور گوشت ہر قسم بالکل ترک کر دے اور بعد چلہ کے ہمیشہ ترکِ حیوانات اور بدبودار چیز سے پرہیز کرے تاکہ عمل کی رجعت نہ ہو اور دورانِ چلہ ہر کس وناکس کو اپنے متھے نہ لگنے دے صرف ایک شخص کو اپنے لیے مخصوص کرلے جو خدمت کرے اور ہمیشہ غذا حلال کھائے خلاف شرع کوئی کام نہ کرے بعد چلہ ہر روز بلاناغہ ایک ہزار بار اللہ الصمد باموکیل بمعہ درودِ شریف پڑھا کرے تاکہ عمل کی تاثیر قائم رہے اور دن بدن ترقی درجات روحانی ہو اور تمام مقاصد پورے ہوتے رہیں اور دورانِ چلہ میں اللہ الصمد باموکل کا غذ یا ظرف گلی پر لکھ کر روزانہ صبح وشام تا مدت چلہ کے پیا کریں بفضل اللہ رجعت سے امان رہے گا اور ایام چلہ کشی میں بعد النوم غسل

کریں حالتِ ناپاکی ایک ساعت بھی نہ رہے اگر آب میسر نہ ہو تو تیمم کرے خوراک خود اپنے ہاتھ سے پکا کر کھائے اور دعا اللہ الصمد کو بھی کثرت سے پڑھا کرے انشاء اللہ پڑھنے والا عامل ہوگا ہر مقصد میں ہر طرح کامیاب ہوگا اور ہر طرح کا کشف بھی ہو جائے گا فقط۔

دوسرا باب

کفایت و مہمات جزوی و کلی کے بیان میں

جب کوئی دینی یا دینوی مشکل درپیش آئے جو کسی طرح حل نہ ہوتی ہو چاہئے کہ اللہ الصمد با موکل کو بعد نماز عشاء ایک ہزار مرتبہ مع اول و آخر درودِ شریف پڑھ کر دعا کرے انشاء اللہ خلاص ہوگا۔

جو شخص ہر نماز پنجگانہ کے بعد ایک سو مرتبہ اللہ الصمد با موکل پڑھا کرے تو کسی رنج و غم میں مبتلا نہ ہو اور ایمان سلامت رہے جیسا کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یا ولدی من قرء الله بعد کل صلوة مائته لا یسلب ایمانه فی الموت: یعنی اے بیٹے جس نے ہر نماز کے بعد سو مرتبہ اللہ الصمد پڑھا موت کے وقت اسکا ایمان کھویا نہ جائے گا۔

جو شخص ہمیشہ نماز عصر کے بعد اللہ الصمد با مواکیل پچاس مرتبہ پڑھا کرے تو دونوں جہان میں اسکا مرتبہ بلند ہوگا۔

فقیر محبوب علیشاہ کہتا ہے کہ جو شخص تین شب بدھ، جمعرات اور جمعہ متواتر ساری رات کثرت سے اللہ الصمد یا مواکیل پڑھیگا خدا تعالیٰ اسکے جسم کو دوزخ پر حرام کر دیگا میں اسکے بارے میں قیامت کے دن حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت کا ضامن ہوں کتاب خمس الانوار میں لکھا ہے کہ جو شخص بوقت تہجد اللہ الصمد با موکل بکثرت پڑھے تو جلالِ الٰہی کی زیارت ہو اور حضور کی زیارت ہو اور کل مخلوق مسخر ہو۔

جو شخص اللہ الصمد با موکل چار لاکھ دعوت کیبعد ورد رکھے تو کسی کا محتاج

نہ ہوگا۔ اور اسکی صفت سے موصوف ہوجاتے گا۔ حدیث قدسی ہے کہ الانسان سری وانا سرہٗ یعنی انسان میرا راز ہے اور میں اس کا راز ہوں۔

مردان خدا خدا بناشند لیکن زخدا جدا بناشند

نیز اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ فاذکرونی اذکرکم ۔ ترجمہ: تم مجھے یاد کرو۔ پس جو شخص خدا تعالیٰ کو اس کے ناموں میں سے کسی ایک نام سے یاد کرے گا۔ خدا تعالےٰ اسے یاد کرے گا وہ کبھی کسی چیز کا محتاج نہ ہوگا اور جو چاہے سو پاتے گا۔ خُدا کا کلام ہے:

اذا اسئلک عبادی عنی فانی قریب اجیب دعوۃ الداع اذا دعان الخ

ترجمہ: جب تجھ سے میرے بندے میری بابت پوچھیں تو کہہ دے کہ میں بے شک قریب ہوں جب کوئی مجھے بلاتے تو میں اسکی دعوت قبول کرتا ہوں (آخر آیت تک)

کتاب جلالی مصنف سید حامد علی بخاری میں مرقوم ہے جو شخص کھانے پینے یا دیگر کسی چیز کا محتاج ہو تو اللہ الصمد باموا کیل کثرت سے پڑھا کرے۔ پس جس چیز کی حسرت اس کے دل میں ہو یا کسی کھانے پینے کی چیز وہ چیز خود بخود دستیاب ہوجاتیں گی اور کسی قسم کا محتاج نہیں رہے گا۔

کتاب باقرار الانوار میں لکھا ہے جو شخص اللہ الصمد باموا کیل لطریق حروف کے کاغذ پر بروز جمعرات طلوع آفتاب ساعت مشتری میں لکھ کر اپنے دستار میں باندھے بعد نماز عشاء کے اور ایک سو بار اللہ الصمد باموا کیل پڑھ کر سو جاتے تو خواب میں زیارت نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مشرف ہوگا۔

کتاب جوہر بخاری میں لکھا ہے اسم الصمد باموا کیل کی نو ہزار خاصیتیں ہیں جو شخص ریاضت کرے گا اس پر خود بخود منکشف ہو جائینگے۔

اگر کوئی اللہ الصمد باموا کیل لکھ کر اپنے گھر یا سفر میں مال اسباب میں تو ہر قسم کی اذیت سے بے خوف رہیگا۔ نہ آگ لگی گی اور نہ کوئی نقصان چور رہزن سے محفوظ رہے گا۔

۴۹	۵۳	۵۶	۴۲
۵۵	۴۳	۴۸	۵۴
۴۴	۵۸	۵۱	۴۷
۵۲	۴۶	۴۵	۵۷

تیسرا باب

کشف القلوب کے بیان میں

اگر کشف القلوب یعنی جو شخص سامنے آئے یا جس چیز کی طرف دیکھ کر چاہے کہ اس کی دل کی بات یا اس کی حقیقت معلوم ہو جائے تو اللہ الصمد باموا کیل کو روزانہ بارہ ہزار بمعہ درود شریف اول و آخر کے بارہ روز تک پڑھے تو قلب روشن ہو کر کشف القلوب حاصل ہو گا یعنی جس چیز کی طرف خیال کرے گا یا جو سامنے آئے گا۔ اس کے دل کا کل حال عامل کے دل میں منکشف ہو جائیں گے۔

چوتھا باب

کشف القبور کے بیان میں

اگر قبر کے حالات معلوم کرنے ہوں تو قبر کے پاس جا کر میت کی طرف منہ کر کے آنکھ بند کر کے بطور مراقب بیٹھ کر منہ پر کپڑا اوڑھ کر اللہ الصمد باموا کیل ایک سو بار بمعہ درود شریف کے پڑھے۔ پھر خاموش مراقب بیٹھا رہے تھوڑی دیر کے بعد قبر آواز سنائی دے گی یا غیب سے

آئے گی جو کچھ قبر والے کے حالات ہوں گے معلوم ہو جائیں گے۔ اگر بروز جمعرات بوقت طلوع آفتاب ساعت مشتری میں اللہ الصمد باموا کیل حرفاً لکھ کر قبر کی دائیں جانب رکھے اور خود بطور مراقب کے پاس بیٹھے تو بھی قبر کی کل حقیقت عامل پر منکشف ہو گی۔

پانچواں باب

مُردہ سے سوال وجواب کرنے کے بیان میں

اگر چاہو کہ قبر والے سے سوال کر کے کسی کا جواب حاصل کروں. تو شب چہار شنبہ کو قبر کے پاس جا کر منہ قبر کی طرف کر کے ایک بار الحمد شریف اور تین مرتبہ قل ہو اللہ پڑھ کر میت کو بخشے اور پھر قبر پر انگشت شہادت رکھ کر پچاس بار اللہ الصمد باموا کیل پڑھے اور پھر بطور مراقب خاموش بیٹھا رہے کچھ دیر میں قبر سے آواز آئے گی جو جو سوال کرو گے اس کا جواب مل جائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ

چھٹا باب

زمین و آسمان کی سیر کرنے اور ہوا پر اڑنے کے بیان میں

جو شخص چاہے کہ زمین و آسمان کی سیر حاصل ہو تو اس کو چاہیئے کہ پانچ شب یعنی دوشنبہ سے شب جمعہ تک روزانہ پانچ ہزار بار اللہ الصمد باموا کیل بمعہ درود شریف اوّل آخر پڑھے۔ تو مرتبہ ولایت حاصل ہوگا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس اور حضرت خضر علیہ السلام کی ملاقات سے مشرف ہوگا اور قوت روحانی پیدا ہو کر ہوا پر اڑنے کی قدرت حاصل ہو جائے گی اور تمام زمین و آسمان یا دیگر متبرک مقامات مثلاً کعبہ شریف یا مدینہ منورہ یا جس جگہ جانا چاہے گا آناً فاناً ہوا پر اڑ کر پہنچ جائیگا۔

اگر اللہ الصمد یا مواکیل اس نقش کو لکھکر رات کو سر پر باندھ کر سو جائے تو خواب میں کعبہ شریف کا طواف کریگا۔ نقش یہ ہے:۔

۷۸۶

۴	۴۰	۹۰	الله ۶۶
۸۹	۶۷	۳	۴۱
۶۸	۹۲	۳۸	۲
۳۹	۱	۶۹	۹۱

ساتواں باب

خزانہ غیب معلوم کرنے کے بیان میں

اگر کسی جگہ خزانہ ہو اور معلوم کرنا چاہئے کس جگہ ہے تو اللہ الصمد یا مواکیل بمعہ درود شریف پانچ روز تک ہر شب بشب دوشنبہ سے شب جمعہ تک روزانہ پانچ ہزار بار پڑھا کرے عامل کو خود بخود کشف ہو جائے گا کہ فلاں جگہ خزانہ ہے اور یا کوئی بزرگ خواب میں آکر بتا دے گا کہ فلاں جگہ خزانہ ہے اور اس طریقہ سے نکالا جائے اگر اللہ الصمد یا مواکیل بمعہ نقش لکھ کر سفید مرغ کی گردن میں باندھ کر جس جگہ خزانہ کا شبہ ہو چھوڑ دیں۔ مرغ عین خزانہ کے اوپر کھڑا ہو کر آواز دے گا۔ پس عامل اپنے تصرف سے خزانہ حاصل کرے۔ نقش یہ ہے:

۷۸۶

۸	۹۴	۹۷	۱
۹۶	۲	۷	۹۵
۳	۹۹	۹۲	۶
۹۳	۵	۴	۹۸

آٹھواں باب

بادشاہ اور امراء یا کسی بادشاہ کو مسخر کرنے کے بیان میں

اگر بادشاہ یا کسی امیر یا کوئی ایک خاص مطلوب کو مسخر کرنا چاہے تو بیس روز تک روزانہ ایک ہزار بار اللہ الصمد یا مواکیل بمعہ درود شریف اول آخر نام مطلوب بمعہ والدہ کیساتھ تصور کر کے پڑھے اور مطلوب مسخر و مطیع ہو کر حاضر خدمت ہوگا۔ جو کچھ حکم دو گے قبول کرے گا۔ یا بعد

نمازِ عشا ایک سوبار اللہ الصمد یا موا کیل پڑھ کر مطلوب کی طرف دم کیا جاتے ہفتہ عشرہ میں مطلوب فرمانبردار ہو کر حاضر ہوگا۔ اگر اس نقش کو لکھ کر اللہ الصمد یا موا کیل بطریق حروف لکھ کر نام طالب و مطلوب بمعہ والدہ بھی لکھ کر دھوپ میں یا زیرِ آتش رکھیں گرمی پہنچتے ہی مطلوب حاضر ہوگا۔

٧٨٦

١٠	٥	۴	١٨١
٣	١٨٢	٩	٦
١٨٩	٢	٧	١٢
٨	١١	١٨٠	١

نقش یہ ہے

نواں باب

مسخر کردن انس وجن دیو، پری وغیرہ کے بیان میں

اگر بندگانِ خدا انسان یا دیگر مخلوق جن، دیو، پری کی تسخیر چاہتے ہو تو یکشنبہ کے روز سے بعد صبح روزانہ تین ہزار بار اللہ الصمد یا موا کیل سات روز تک پڑھے تو جس مخلوق کو مسخر کرنے کی نیت سے پڑھے گا وہ مسخر و مطیع ہو کر حاضر خدمت ہوں گے جو کچھ حکم دو گے یا جو چیز یا میوہ جات فصل بے فصل طلب کرو گے فوراً لا کر حاضر کریں گے اور ہمیشہ فرمانبردار رہیں گے (انشاءاللہ تعالیٰ)

دسواں باب

علم کیمیا و سیمیا و ریمیا کے حاصل کرنے کے بیان میں

جو شخص چاہے کہ علم کیمیا یعنی نقرہ و ذہب بنانے کے طریقے حاصل ہوں یا کہ سیمیا یا ریمیا جس کو علم نجوم کہتے ہیں۔ ان علموں میں سے جس کو حاصل کرنا ہو تو چاہیے کہ پانچ روز تک روزانہ ہر شب سات

ہزار بار اللہ الصمد با مواکیل بمعہ دُرُودِ شریف کے پڑھے اور اپنے مقصد کی دُعا کرتا رہے۔ پس ایک شخص غائب سے پیدا ہو کر عامل پر ایک ایسی نظر توجہ کی ڈالے گا۔ جس سے کل علم حاصل ہو جائیں گے اور حضور پر نور کی زیارت سے مشرف ہو گا اور اگر اللہ الصمد بمعہ با مواکیل اس نقش کو لکھ کر دائیں بازو پر باندھیں اور اپنے مقاصد کی دعا کرتا رہے تو بھی ایک شخص غائب سے پیدا ہو کر یہ سب علم عامل کو سکھا دے گا

٧٨٦

٨٩	٢	١٢	٩٧
١٣	٩٦	٩٠	١
٩٥	١٠	٤	٩١
٣	٩٢	٩٤	١١

گیارہواں باب

دستیاب کرنا کچا یا پکا کھانا در صحرا وغیرہ میں

اگر بستی سے دور جنگل یا صحرا وغیرہ میں یا ایسی جگہ پہنچ جائے جہاں کوئی چیز میسر نہ ہو اور مطلب ہو کہ ہر چیز خوردنی کچا یا پکا حاصل ہو جائے تو گیارہ بار اللہ الصمد با مواکیل پڑھ کر دُعا کریں۔ پھر تھوڑی دیر میں کوئی شخص بشکل انسانی حاضر ہو گا جس چیز کی طلب ہو گی حاضر کر دے گا۔ باذن اللہ تعالیٰ۔

بارہواں باب

رجال الغیب کے مسخر کرنے کے بیان میں

اگر رجال الغیب کی تسخیر مطلوب ہو تو ایک چھری فولادی پر با مواکیل اللہ الصمد لکھ کر زمین میں گاڑ دیں۔ پھر اللہ الصمد با مواکیل ستر بار پڑھ کر چھری پر دم کریں اور دعا کریں۔ پھر فوراً رجال الغیب یعنی زمین کے اندر کی تمام مخلوق پیدا ہو کر مسخر اور مطیع ہوں گے اور جو کہو گے بجا لائیں گے۔

انشاءاللہ تعالیٰ

تیرھواں باب

مسخر کرنے فیل یا شیر برائے خود سواری کرنے کے بیان میں

اگر کوئی شخص چاہے کہ فیل یا شیر پیدا ہوں تاکہ میں ان پر سواری کروں تو اس کو چاہیئے کہ اللہ الصمد با مواکیل بمعہ درود شریف اسی۸۰ بار پڑھ کر دُعا بدرگاہِ ربّ العالمین میں اپنے مقصد کی دُعا کرے۔ پس فوراً فیل یا شیر جس چیز کی ضرورت ہو گی حاضر ہو کر مطیع و مسخر ہوں گے جس پر چاہے سواری کریں۔ جہاں چاہو گے لے جائیں گے

اگر یہ نقش بمعہ اللہ الصمد با مواکیل لکھ کر درخت پر باندھیں اور اپنے مقصد کی دُعا باری تعالیٰ سے کریں تو بھی اس جگہ فوراً فیل یا شیر حاضر ہو کر مطیع ہوں گے۔

۵	۱۸۳	۲	۱۱
۱۰	۳	۱۷۹	۸
۱۸۱	۶	۱۲	۱
۴	۹	۷	۱۸۰

چودھواں باب

سانپ بچھو کے مسخر کرنے کے بیان میں

اگر سانپ بچھو کی تسخیر چاہتے ہو تو اللہ الصمد با مواکیل بمعہ درودِ شریف دو ہزار بار روزانہ پانچ روز تک پڑھکر اپنے مقصد کی دُعا کرے بحکم ایزدی فوراً سانپ بچھو بکثرت پیدا ہو کر مسخر و مطیع ہوں گے اور جو کچھ حکم دو گے فوراً بجا لائیں گے۔

پندرھواں باب

سانپ و دیگر موذی جانور دفع کرنے کے بیان میں

اگر کسی جگہ سانپ یا دیگر کوئی موذی جانور مخلوق خدا کو تکلیف پہنچاتے ہوں تو چاہیئے کہ نو روز تک روزانہ ایک ہزار بار یا مواکیل اللہ الصمد بمعہ درود شریف کے پڑھے اور پانی پر دم کر کے اس اس جگہ چھڑک دیں۔ تو تمام موذی جانور نقصان پہنچانے والے اس جگہ کو چھوڑ چلے جائیں گے اور اس جگہ پر نہیں آئیں گے اگر کسی کو سانپ بچھو یا دیگر کسی جانور مثلاً کتا، گیدڑ وغیرہ نے کاٹا ہو اور جس کے خوف سے ہلاکت کا ڈر ہو تو اللہ الصمد یا مواکیل بمعہ درود شریف اکیس بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے اس مریض کو پلا دیں اور مریض پر بھی دم کر کے اس مریض کو پلا دیں اور مریض پر بھی دم کریں تو ہر قسم کا زہر دفع ہو کر مریض بالکل تندرست ہو جائے گا۔

سولھواں باب

ہوا کو مسخر کرنے کے بیان میں

اگر ہوا کو مسخر کرنا ہو تو روزانہ نو روز تک ایک ہزار بار اللہ الصمد یا مواکیل بمعہ درود شریف پڑھ کر دعا کریں۔ تو فوراً ہوا مسخر اور فرمانبردار ہو گی جس طرف حکم دو گے اسی طرف ہوا جائے گی۔ اگر کسی کے جسم میں کسی جگہ ریح ٹھہر کر درد رہتا ہو تو اللہ الصمد یا مواکیل بمعہ درود شریف گیارہ بار پڑھ کر باد کے مقام پر دم کریں باذن اللہ تعالیٰ ہر قسم کی ریح باد دفع ہو کر جسم میں کوئی درد نہ رہے گا۔

ستارھواں باب

آگ پیدا کرنے اور غیب کرنے کے بیان میں

اگر کسی جنگل یا صحرا میں آگ پیدا کرنا چاہو تو ایک کوری ٹھیکری پر دم کر کے زمین پر ماریں۔ پس فوراً آتشِ عظیم پیدا ہو گی اگر کسی کے گھر یا کسی مخصوص جگہ آگ لگانی ہو تو اللہ الصمد بمعہ مواکیل کو ایک مشت خاک پاک پر ایک سو بار پڑھ کر دم کر کے جس جگہ پر ڈالو گے وہاں فوراً آگ پیدا ہو کر کل چیزیں اینٹ، پتھر، لوہا سب جل کر خاک در خاک ہو جائیں گے اگر پھر آگ کو دفع کرنا چاہو تو صرف نو بار پڑھ کر آگ کی طرف دم کر دیں فوراً آگ بجھ کر غائب ہو جائے گی۔

اٹھارھواں باب

بر و بحر مسخر کرنے کے بیان میں

اگر کسی جگہ دریا کی اس قدر طغیانی ہو۔ جس سے مخلوق کو تکلیف پہنچتی ہو یا دریا کو خشک کرنا منظور ہو تو ایک مٹی کے پاک ڈھیلا پر اسی بار اللہ الصمد با مواکیل بمعہ درود شریف پڑھ کر دم کر کے دریا میں ڈال دیں تو فوراً دریا کی طغیانی ختم ہو کر ہٹ جائے گا یا خشک ہو جائے گا۔ پھر جب چاہو کہ دریا جاری ہو تو ایک سو بار پڑھ کر دریا کی طرف دم کر دیں دریا جاری ہو جائے گا۔ باذن اللہ تعالیٰ

اگر چاہو کہ زمین کوتاہ ہو جائے تو زمین پر ایک بڑا دائرہ گول کھینچ کر اللہ الصمد با مواکیل ایک سو بار پڑھ کر دائرے کے اندر زمین پر دم کر دیں پس فوراً زمین چھوٹی ہو جائے گی۔ جہاں چاہو چند قدم رکھتے ہی پہنچ جاؤ گے۔ اگر پھر چاہو کہ زمین دراز ہو جائے

تو دائرہ کو اپنے ہاتھ سے مٹا کر مٹی کو ہوا میں اڑا دیں۔ پس زمین دراز ہو جائے گی اگر مشتری کی ساعت میں یعنی بروز جمعرات بوقت طلوعِ آفتاب اللہ الصمد باموا کیل اس نقش کو لکھ کر اپنے ران پر باندھے اور راستہ چلے تو اس کے چلنے میں زمین کوتاہ ہو جائے گی۔ جہاں چاہو ہزاروں میل کا سفر چند منٹ میں طے کر لو۔

۸	۱۱	۱۸۰	۱
۱۷۹	۲	۷	۱۲
۳	۱۸۲	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۸۱

انیسواں باب

چاند سورج مسخر کرنے کے بیان میں

اگر چاند سورج مسخر کرنا ہو تو سات روز تک روزانہ پانچ ہزار بار اللہ الصمد باموا کیل بمعہ درودِ شریف پڑھے اور دعا کرے۔ پس چاند، سورج یا جس ستارہ کو مسخر کرنے کی نیت ہوگی حاضر ہو کر فرمانبردار ہو گا جو حکم دو گے بجا لائیں گے۔ باذن اللہ تعالیٰ۔

بیسواں باب

فراخی رزق وادائے قرض کے بیان میں

اگر کسی کو تنگدستی کی وجہ سے رزق کی کمی ہو تو چاہئے کہ بعد نماز صبح کے روزانہ اللہ الصمد باموا کیل بمعہ دُرود شریف ایک سو بار پڑھا کرے۔ چند روز میں رزق کی کشادگی اور ہر قسم کی تنگی دُور ہو جائے گی اگر قرض دار ہے تو بعد ہر نماز فرض پنجگانہ کے اللہ الصمد باموا کیل بمعہ دُرود شریف پچاس بار پڑھا کرے۔ اللہ تعالیٰ کسی نہ کسی وسیلہ سے جلدی قرض ادا کر دے گا اور دن بدن دولت زیادہ ہوتی

جائے گی۔ اور چور و ہر قسم کے نقصان سے اللہ کی امان میں رہے گا۔

اگر اللہ الصمد با مواکیل بمعہ اس نقش کے لکھ کر اپنے گھر یا مال اسباب میں رکھیں تو دن بدن دولت زیادہ ہو گی، چور اور ہر قسم کے نقصان سے محفوظ رہے گا۔

٦٦ اللہ	٣٩	5	٩٠
٦	٨٩	٦٧	٣٨
٨٨	٣	٤١	٦٨
٤٠	٦٩	٤٧	٤

اکیسواں باب

بخت بستہ کرنے یا کھولنے کے بیان میں

جب کوئی ظالم و فاسق مخلوقِ خدا کو بہت ناجائز تنگ کرتا ہو تو اللہ الصمد با مواکیل بمعہ نام ظالم و مادر لکھ کر پرانی قبر میں پیروں کی طرف دفن کریں پس اس ظالم کا بخت ایسا بستہ ہو گا کہ تمام اس کے کاروبار درہم برہم ہو کر ہر قسم کی تنگی واقع ہو جائے گی اگر کسی بخت بستہ کو کھولنا چاہو تو لوبان پر ایک سو بار اللہ الصمد با مواکیل بمعہ دُرود شریف پر دم کر کے بخت بستہ کے سامنے آگ میں ڈال کر جلائے تاکہ لوبان کی خوشبو اس کے دماغ تک پہنچ جائے۔ پس بستہ بخت کشادہ ہو جائے گا۔

بائیسواں باب

ہر قسم بیماری دفع کرنے کے بیان میں

اگر کوئی شخص ایسی بیماری میں مبتلا ہو کہ جس کے علاج سے اطبا عاجز آ گئے ہوں اور کسی طرح صحت یاب نہ ہوتا ہو مثلاً، سل، دق دائمی، نزلہ، ضیق النفس، وضع المفاصل، ذیابیطس اور دیگر لاحق امراض

کیلئے روزانہ ایک ہزار بار اللہ الصمد باموا کیل پڑھ کر مریض پر دم کریں۔ اور چند مرتبہ لکھ کر پانی سے دھو کر پلائیں تو ہر قسم کا مزمنہ امراض تین روز میں دفع ہو کر مریض تندرست و توانا ہو جائیگا۔ انشاءاللہ تعالیٰ

تئیسواں باب

ظالم کو سزا دینے کے بیان میں

اگر کوئی ظالم فاسق جو مخلوق کو ناجائز تنگ کرتا ہو اس کو ہلاک کرنا منظور ہو تو ماہ قمری کے آخری منگل کو قبر کے پاؤں کی طرف بیٹھ کر منہ میں برگِ نیم یا کوئی کڑوی چیز رکھ کر ایک ہزار بار اللہ الصمد باموا کیل تین روز تک پڑھے اور دُعا کریں۔ کہ الٰہی فلاں شخص را ہلاک کُن۔ تو وہ شخص ایسی سخت بیماری میں مبتلا ہو گا۔ جس سے وہ آخر کار ہلاک ہو جائیگا۔

چوبیسواں باب

خواب کے بند کرنے اور کھولنے کے بیان میں

اگر کسی ظالم فاسق کی نیند بند کرنی ہو کہ دن رات میں کسی وقت نہ سوئے تو نام دشمن بمعہ والدہ اللہ الصمد باموا کیل کے ساتھ بروز بدھ وقت طلوع آفتاب ساعت عطارد میں لکھ کر زیرِ آتش دفن کر دے۔ تاکہ گرمی پہنچتی رہے۔ پس دشمن کی نیند ایسی بند ہو گی۔ کبھی نہ سوئے گا۔ آخر کار دیوانہ ہو کر گھر بار چھوڑ کر بری حالت سے ہلاک ہو گا اور جب کسی کی نیند کھولنی چاہو تو لکھے ہوئے کو آگ سے نکال کر پانی میں دھو کر بہا دیں اور چند مرتبہ پڑھ کر اس پر دم کر دیں۔ پس اس کی نیند کھل جائے گی اور جلدی آرام ہو جائے گا۔

پچیسواں باب

بستہ کرنے شہوت زانی کے بیان میں

اگر کوئی شخص بہت زانی ہو اور کسی نصیحت سے باز نہ آتا ہو تو ایک چھری فولادی پر اللہ الصمد باموا کیل لکھ کر پھر پچاس مرتبہ اللہ الصمد باموا کیل بمعہ نام زانی و مادر پڑھ کر چھری پر دم کر کے نمناک زمین میں دفن کر دیں۔ پھر اس کی شہوت ایسی بستہ ہو گی کہ کسی عورت کے قابل نہ رہے گا۔

پھر جب چاہو کہ شہوت بستہ کھل جائے تو چھری کو نکال کر ہزار بار اللہ الصمد باموا کیل پڑھ کر چھری پر دم کر کے دھو کر پانی میں بہا دیں۔ بستہ شدہ کھل کر از سرے نو مرد قابل عورت کے ہو جائے گا یا سات ٹکڑے روٹی پر پڑھ کر کھلا دیں۔

چھبیسواں باب

مُردہ دل زندہ کرنے کے بیان میں

اگر کسی کا دل ایسا ہو کہ نماز، روزہ یا دیگر عبادات یا اطاعت خدا رسولؐ سے منحرف ہو تو شب چہار شنبہ سے تا شب جمعہ تین روز تک برابر روزانہ ایک مجلس میں ایک ہزار بار اللہ الصمد باموا کیل بمعہ درود شریف کے پڑھے۔ تو مردہ دل زندہ ہو کر غفلت و کاہلی و فراموشی دور ہو کر کم کھانا کم سونا، اور عبادت کرنے کی عادت ہو جائیگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ

ستائیسواں باب

کرامت کردن برزمین ایک ساعت میں آب و درخت میوہ جات پیدا ہو کر کھائے جائیں

جو چاہے کہ ایک ساعت میں طرح طرح کی کرامات دکھائے اور زمین پر درخت فوراً پیدا ہو کر میوہ جات خوردن پیدا ہوں یا دیگر پانی کھانا وغیرہ نعمتیں موجود ہوں تو اللہ الصمد باموکیل کوری ٹھیکری آب نادیدہ پر بروز سوموار بوقت طلوعِ آفتاب ساعت قمر میں لکھ کر زمین میں دفن کردیں تو فی الحال کل چیزیں آب و نعمت میوہ جات درخت وغیرہ پیدا ہوں گے۔ خود بھی کھائے اور مخلوق کو بھی کھلائے۔ پھر جب ناپید کرنا ہو تو ٹھیکری زمین سے نکال دیں۔ سب کچھ کرشمے دور ہو جائیں گے۔

اٹھائیسواں باب

آسیب کے علاج کے بیان میں

اگر کسی مرد یا عورت پر جن یا دیو، پری کا اثر ہو اور کسی طرح نہ جاتا ہو اور نہ جواب دیتا ہو کہ میں کون ہوں تو ایک پھول گلاب خوشبودار پر سات بار اللہ الصمد باموکیل اور سات بار آیت:

وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ۙ وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ؕ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ ؕ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا (سورۃ طلاق)

پڑھ کر پھول پر دم کر کے مریض کو سونگھا ہے۔ پس بوگل دماغ میں پہنچتے ہی جن وغیرہ جس کا بھی اثر ہوگا بولنے لگے گا کہ میں فلاں ہوں اور یہ میرا نام ہے میرا جسم سر سے پیر تک آہنی زنجیر سے بندھ گیا ہے مجھ کو چھوڑ دو پھر نہ آؤں گا اگر وہ حضرت سلیمان بن داؤد علیہ السلام اور حضرت پیران پیر سید عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کی قسم کھا کر کہے کہ مجھے چھوڑ دو پھر نہ آؤں گا تو چاہئے کہ آزاد کر دیں کیونکہ جن بھی مخلوقِ خدا ہے۔ جب وہ توبہ کرے تو چھوڑ دینا چاہئے اگر وہ کسی طرح چھوڑنے یا قسم کھانے پر رضامند نہ ہو تو تین عدد ہانڈی گلی بمعہ سرپوش آب نادیدہ لے کر سرپوش پر دعا ذیل اندر کی جانب لکھ کر پھر ماش سیاہ ایک مٹھی لے کر دعا ذیل گیارہ بار پڑھ کر ماش پر دم کر کے مریض کے سر سے لے کر پاؤں تک تین بار ہاتھ پھیرا کر ماش ہانڈی میں ڈال کر اوپر فوراً سرپوش سے بند کر دیں۔ اور کوئی وزن دار چیز رکھ دیں نیچے ہانڈی کے آگ جلائیں منہ آٹا سے بند کر دیں۔ سوئی کے برابر بھی سوراخ نہ رہے ورنہ جن بھاگ جائے گا احتیاط رکھیں۔ پس جن کے جلنے کی علامت معلوم ہوگی یعنی ہانڈی حرکت کرے گی اور جلنے کی نہایت بدبو آئے گی۔ جس سے ثابت ہوگا جن جل کر ہلاک ہو گیا ہے اسی طرح تین عدد ہانڈیاں بمعہ سرپوش اور ماش سیاہ کا عمل کریں تاکہ اگر اس کے ساتھی حملہ آور ہوں تو وہ بھی قید ہو کر جل کر ہلاک ہو جائیں پھر ہانڈیوں کو زمین کے اندر گہرا دفن کر دیں۔ پس مریض کے درد سر و نیم سر و درد بدن و دیوانگی رفع ہو کر بالکل تندرست ہو جائے گا۔ سرپوش پر لکھنے کی دعا یہ ہے:-

اَللّٰہُ الصَّمَدُ اَجِبْ یَا اِسْرَافِیْلُ اَجِبْ یَا مَدُوْ فَائِیْلُ

یَا ھُوْ کَلاَمْنٌ گرد یا گرد ہزار در ہزار حِصَارْ بَسْتَمْ قفل شَذَ اُیُوْا لِذَذعِیْ جُوْسَا مَنُوْعَا عَالِمَا طِیُوْسُوْنًا سَلِیْخَا مِلِیْخَا مَلْقُوْمَا یَا قَیُّوْمَا بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ وَبِحَقِّ حٰمٓعٓسٓقٓ اِھْیًا اِشْرَاھِیًا بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ

انتیسواں باب

متفرق کرامات کے بیان میں

اگر چاہے کہ مجلس میں سانپ پیدا ہو تو ایک لکڑی بقدر گز پر ایک سو بار اللّٰہ الصّمد یا مواکیل پڑھ کر دم کر کے مجلس میں چھوڑ دیں. وہ لکڑی فی الفور سانپ بن جائے گی جب چاہو کہ پھر لکڑی ہو. اکیس بار پڑھ کر دم کریں لکڑی ہوگی یا کہ مجلس میں بچھو پیدا کرنے ہوں تو نیم کے پتوں پر پچاس بار اللّٰہ الصّمد یا مواکیل پڑھ کر دم کر کے مجلس میں چھوڑ دیں وہ لکڑی فی الفور سانپ بن جب پھر چاہو پتے ہو جائیں چند مرتبہ پڑھ کر دم کر دیں پتے بن جائیں گے.

اگر چاہو کہ کنوئیں سے پانی ابل کر باہر آجائے تو ایک مٹی کے پاک ڈلے پر ستر بار اللّٰہ الصمد یا مواکیل پڑھ کر دم کر کے کنوئیں میں ڈال دیں فوراً کنوئیں کا پانی ابل کر باہر آجائے گا اور جب چاہو کہ پھر پانی جگہ پر چلا جائے تو نو بار پڑھ کر پانی کی طرف دم کر دیں. کنوئیں کا پانی پھر اپنی اصلی جگہ پر چلا جائے گا.

اگر کسی کا ارادہ ہو کہ جنگل میں چراغ روشن ہوں تو چار کوری ٹھیکریوں پر اللّٰہ الصمد یا مواکیل ایک ایک بار لکھ کر پھر ستر بار پڑھ کر

ٹھیکریوں پر دم کر کے چاروں طرف ایک ایک کر کے ڈال دیں۔ فی الحال چار چراغ روشن ہو جائیں گے جب تک چاہو گے روشن رہیں گے۔ جب بجھانا ہو تو چار ڈلے پاک مٹی پر نو نو بار ہر ڈلے پر پڑھ کر دم کر کے چراغوں کی طرف پھینک دیں۔ چراغ غائب ہو جائیں گے اگر بعد نماز فریضہ پنجگانہ کے ایک ایک سو بار اللہ الصمد باموا کیل پڑھا کرے گا۔ اس کی دل کی آنکھ کی تاریکی دور کر روشن ضمیر ہو جائے گا۔

اگر بعد نماز عشاء ہمیشہ پچاس بار اللہ الصمد باموا کیل کا ورد رکھے گا۔ تو وقت نزع موت سکرات اس پر آسان ہوگی اور سلامتی ایمان کے ساتھ اس جہاں سے رخصت ہو گا قبر کے عذاب سے نجات پائے گا۔ قیامت میں اس کا حشر نیک اور صالحین کے ساتھ ہو گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

اجازتِ خاص و عام

معلوم ہو کہ اللہ الصمد باموا کیل کی نو ہزار خاصیتیں ہیں جو عامل پر خود بخود منکشف ہو جائیں گی اور واضح رہے کہ جو کوئی ایک کروڑ مرتبہ اللہ الصمد باموا کیل پڑھ لے تو دائم الحضوری حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ہو جائے گا۔ عقل مند کو اشارہ کافی ہے بہر حال فقیر سید محبوب علی شاہ بن عثمان علی شاہ بخاری دہلوی اپنے معمولات اور اپنے مرشد سید محمود علی عرف قل ہو اللہ شاہ بھڑو نجی رحمۃ اللہ علیہ کی تعلیم و تلقین کے مطابق رفاہِ عام کی خاطر اللہ الصمد باموا کیل کے چند خواص کتاب ہٰذا مفتاح الولایت میں درج کرتا ہے تاکہ مریدانِ صادق اور طالبان حق کا ذوق و شوق بڑھتا رہے اور دنیا کی فضول و لغو باتوں اور فروعی


اعمال سے بچ کر صرف اپنے معبودِ حقیقی کی یاد میں مطابق سنّت سرکار
دو جہاں صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی کرتے ہوئے تمام مصائب دینی و دنیاوی
سے امان حاصل کر کے اپنے مقاصد میں کامیاب رہیں ہر فرد بشر
مرد عورت نسلِ انسان کو ریاضت اللہ الصمد باموکیل بمعہ فوائد عام اجازت
کلہم کی دیتا ہے۔ جس کا دِل چاہے میرے لکھے کے مطابق عمل کرے۔ کسی
قسم کی رجعت یا خوف طاری نہ ہوگا کیونکہ میرے دادا مرشد صل علی شاہ
سے تمام روحانیات خصوصًا موکیلوں وجناتوں نے وعدہ کیا ہوا ہے۔
کہ تیرے سلسلے قادریہ غوثیہ پر چلنے والے کو کسی قسم کا خوف یا تکلیف
نہ پہنچائیں گے اور فقیر نے یہ کتاب مفتاح الولایت اوّل سے لے
کر حرف بحرف آخر تک حضرت پیرانِ پیر عبد القادر جیلانی کی منظوری اور
اجازت سے لکھی ہے قسم ہے اس رب لازوال کی جس کے قبضہ
قدرت میں کل عالم ہے میرے لکھے کے عین مطابق ریاضت کرنیوالا
اپنے مقاصد میں کامیاب نہ ہو تو روز حشر میرا دامن اس کے ہاتھ ہو
گا جھوٹ پر لعنت سچ پر صلوٰۃ۔ آؤ جس کا دل چاہے معرفت کا سمندر
لبریز ہے شراب شوق عشق پی کر گوہرِ نایاب حاصل کر کے دُنیا
فانی سے بقا باللہ ہو کر ایک ذات میں مل کر دوامی زندگی حاصل کریں۔
کیونکہ ؎

در خاندان قادریہ غوثیہ نا امیدی نیست

بیان رجال الغیب

عامل کو چاہیئے کہ ہر اعمال خیر و شر میں سمت رجال الغیب کا خیال رکھے۔ جس سمت رجال الغیب ہوں اوّل ان کو سلام کہے۔ پھر ان کی اپنی پشت کی طرف یا بائیں طرف کر کے اپنا عمل پڑھے روزانہ اسی طرح کیا کرے کیونکہ اگر رجال الغیب سامنے یا دائیں جانب ہوں تو تمام عمل مثل مقناطیس سلب ہو جاتا ہے۔ یاد رہے حساب رجال الغیب چاند کی تاریخ کے مطابق ہے اور چاند کی تاریخ طلوع قمر یعنی مغرب سے شروع ہو جاتی ہے۔ دوران دعوت اللہ الصمد یا موا کیل بھی رجال الغیب کا خیال رکھے ذیل میں عامل کی سہولت کیلئے سلام و نقشہ رجال الغیب درج ہے۔ رجال الغیب کی مزید تفصیل کے لیے ہماری کتاب دعوت مؤکلات کا مطالعہ کرے۔ سلام رجال الغیب یہ ہے:۔

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا رِجَالُ الْغَیْبِ وَ یَا اَرْوَاحُ الْمُقَدَّسَةِ اَغِیْثُوْنِیْ بِغَوْثَةٍ وَانْظُرُوْنِیْ بِنَظْرَةٍ یَا رُقَبَآءُ وَیَا نُکَبَآءُ وَیَا نُجَبَاءُ وَیَا اَبْدَالُ وَیَا اَوْتَادُ وَیَا اَقْطَابُ وَیَا قُطْبُ الْاَقْطَابِ اُمْدُدُوْنِیْ فِیْ هٰذَا الْاَمْرِ سَلَّمَکُمُ اللّٰهُ تَعَالٰی فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ بِحَقِّ سَیِّدِنَا وَنَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ صلی اللہ علیہ وسلم وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِیْنَ ٥



نقشہ ماہِ قمری سعد منقلب ونحس

ماہِ سعید میں جو عمل کیا جائے وہ کامیاب ہوتا ہے اور ماہ منقلب ونحس میں عمل کرنے سے ناکامی اور رجعت ہو جاتی ہے

ثابت وسعید	محرم	ربیع الثانی	رجب	شوال
ذوجدین منقلب	صفر	جمادی الاول	شعبان	ذی القعد
نحس ومنقلب	ربیع الاول	جمادی الثانی	رمضان	ذی الحج

شجرہ شریف بطریقہ واسطہ خواجگان قادریہ غوثیہ بانوا

أَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط
أَلَا إِنَّ أَوْلِیَاءَ اللّٰہِ لَا خَوْفٌ عَلَیْہِمْ وَلَا ہُمْ یَحْزَنُوْنَ
الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَکَانُوْا یَتَّقُوْنَ ۝ أَصْلُہَا ثَابِتٌ وَّفَرْعُہَا فِی السَّمَاءِ

یا الٰہ العالمین یا انت خیر الراحمین — رحم فرما اپنی ذاتِ کبریا کے واسطے
فضل کر یارب میرے حالِ زبوں پر رحم کر — ڈال مجھ آلودۂ عصیاں پر رحمت کی نظر
تجھ کو اپنی کبریائی کی قسم ہے بے نیاز — مجھ سراپا معصیت پر کر درِ افضال باز
تجھ کو دیتا ہوں تیرے جود و سخا کا واسطہ — فضل کا رحمت کا بخشش کا عطا کا واسطہ
تیرے رحمت کے خزانے میں کمی کوئی نہیں — اور تیرے جود و کرم کی انتہا کوئی نہیں
میں کہوں بے واسطہ کس منہ سے بخشش کیلئے — کچھ وسیلے پیش کرتا ہوں سفارش کیلئے
صدقہ محبوب علی عرف نور اللہ کامل ولی — مقتدا، پیشوا رہنما کے واسطے
مرشد قل ھو اللہ شاہ صل علی کے طفیل — تبارک شاہ بسم اللہ نوا کے واسطے
واسطہ شاہ گلاب ویتیم شاہ اولی الیقین — شاہ تقی اور مظفر شاہ سخا کے واسطے
اولی الحسین شاہ وہاب حاجی قاسم کاملین — شیخ قادر شاہ حلیم پارسا کے واسطے
خواجہ نخنیان سیف اللہ بیراگ شاہ — حسن شاہ عبد الجبار رہنما کے واسطے
مبتغ۔ جود و سخا نور الحق عین اللہ شاہ — شیخ محی الدین قادر غوث الوریٰ کے واسطے
بوسعید و بوالحسن یعنی علی اور ابوالفرح — عبد واحد شیخ شبلی باصفا کے واسطے
حضرت جنید بغدادی سری سقطی عرفان بحر — معروف کرخی داؤد طائی شاہ ہدیٰ کے واسطے
پیر کامل حبیب عجمی ثنا سا سے سرِ حق — خواجگان حسن بصری پیشوا کے واسطے
والدِ حسن و حسین زوج بتول حضرت علی — مشکل کشا مرتضیٰ شیرِ خدا کے واسطے
واسطہ سید الثقلین کون و مکاں کے واسطے — لیٰسین مزمل محمد مصطفیٰ کے واسطے
میرا دل رکھ دائما ذاکر بذکر اسم ذات — آل اور اصحاب احمد مجتبیٰ کے واسطے

وقتِ نزع باایمان دنیا سے اٹھانا اے خدا
اور کلمہ طیبہ ہو زباں پر آخری شفا کے واسطے
قبر میں آرام مجھ کو ابتدا سے ہو عطا
مرشدانِ دینِ پاک مصطفٰے کے واسطے
کر دُعا مجھ مملوئے عصیاں کی یہ مستجاب
خواجگان قادری غوث الوریٰ کے واسطے

اِلتجاء بدرگاہِ خُدا

کر قبول برکت سے ان ناموں کی ہر جائز دُعا
یارب اپنی رحمت بے انتہا کے واسطے
میرا دِل رکھ دائما ذاکر بذکر اسمِ ذات
اے خدا جملہ مقدس اصفیا کے واسطے
نیکوں سے دور بادریائے عصیاں غرق ہوں
دے رہائی اے خدا مجھ مبتلا کے واسطے
اے خدا مجھ کو تہی دستی کی کلفت سے بچا
اپنے اکمل جود اور فضل سخا کے واسطے
میرے ہر دشمن کو مجھ پر اے خُدا رَاحم بنا
اپنی رحمانی رحیمی اور عطا کے واسطے
یا الٰہی کارِ شیطانی سے مجھ کو دُور رکھ
ہر عمل مجھ سے کرا اپنی رضا کے واسطے
قبر میں آرام مجھ کو ابتدا سے ہو عطا
اے خُدا حضرت محمد مصطفٰے کے واسطے

کتبہ: سگِ درگاہِ شاہ جیلانی محمد اعظم قادری غوثیہ سکنہ ڈھیتی تحصیل و ضلع پاکپتن شریف

مدحِ غوثِ اعظم دستگیر قدس سرہ العزیز

اے دستگیرِ عالم تم سا نہ کوئی ولی ہے
تم نام پاک لیتے لاکھوں بلا ٹلی ہے

کعبہ کے مرتبہ سے ثانی تیری گلی ہے
خاروب کش تمہارا اِک آن میں ولی ہے

خاک قدم تمہاری سُرمہ سے بھلی ہے
اے دستگیرِ عالم تم سا نہ کوئی ولی ہے

جو کوئی تیری طاعت سے سر اپنا پھراوے
حق اس کو مرتبے سے اک لحظہ میں گراوے

منکر تیرے حکم کا دونوں جہاں سے جاوے
مرضی بنا تمہاری فردوس کہاں سے پاوے

صد بار گرچہ اسکو رضواں سے یکدلی ہے
اے دستگیرِ عالم تم سا نہ کوئی ولی ہے

تم نے نبی کے دین کی پشتی عجب چڑھائی
مدّت کی ڈوبی کشتی اِک لحظہ میں ترائی

حق کے حکم سے مُردہ خادم کو روح دلائی
کون و مکاں نے تم ین زینت نہ زیب پائی

نام شریف تمہارا مصری کی جوں ڈلی ہے
اے دستگیرِ عالم تم سا نہ کوئی ولی ہے

تم کو خُدا نے اپنا نوری کیا ستارا
اس نُور سے سراسر روشن ہوا اندھارا

اور تیرے خادموں نے جڑ سے کفر اکھاڑا
دینِ محمدی کو تم نے عجب سنوارا

ہیبت سے تیرے سگ کی شیروں کو بے کلی ہے
اے دستگیرِ عالم تم سا نہ کوئی ولی ہے

ہر عالم میں ہے بے خوف سگ تیرے در کا
مانند خاک سائل تیرے لُطف کی نظر کا

نعلینِ پاک تیرے ہوں تاج میرے سر کا
حامی ہے تا بہ محشر سُلطان بحر و بر کا

نانا تیرا محمدؐ دادا تیرا علی ہے
اے دستگیرِ عالم تم سا نہ کوئی ولی ہے

(جو کوئی اس مدح غوث اعظم کو ورد رکھے گا وہ سر مراد پائیگا اور دین و دنیا و آخرت میں سرفراز ہوگا)

مختصر تعارف:

جناب فقیر سید محبوب علی شاہ قادری دہلوی صاحب مدظلہ العالی

از قلم: پروفیسر سید محمد شاہ صائم قادری

نام: سیّد محبوب علی شاہ بخاری **عرفیت:** نور اللہ شاہ

القاب عطا شدہ از پیر و مرشد: پیر محبوب الٰہی، مخدوم

ولدیت: سید عثمان علیشاہ بخاری **نسب:** سادات بخاری

تاریخ پیدائش: ۶ جون ۱۹۰۳ء **مقام پیدائش:** دہلی

ابتدائی تعلیم: ایف۔اے، فاضل عربی، فاضل فارسی

فنی تعلیم: کامل الطب والجراحت (دہلی)، ایم۔بی۔ایس ہومیو (کلکتہ)، شمس الاطباء (لاہور)، سراج الاطباء (گجرات)

لسانیاتی مہارت:

اردو، عربی، فارسی، پنجابی، ہندی، گورمکھی، سنسکرت، گجراتی، مراٹھی وغیرہ۔

طبی استاد: حکیم عبدالوہاب انصاری عرف نابینا صاحب دہلویؒ

قیام بخدمت استاد: تقریباً آٹھ سال

سلسلہ قادریہ غوثیہ بانوا کے مرشد گرامی کا اسم مبارک:

سیّد محمود علی شاہ عرف قل ہو اللہ شاہؒ المدفون بھڑوچ گجرات (بھارت)

تاریخ حصول خلافت سلسلہ قادریہ غوثیہ بانوا:

محرم الحرام ۱۳۵۰ھ بمقام (بھڑوچ)

زمانہ سیر و سیاحت ریاست ہائے برّصغیر و ایران و عراق و شام و سعودی عرب و مصر و افریقہ و فلسطین وغیرہ و

حصول سعادت ہائے حج: ۱۹۳۹ء تا ۱۹۵۶ء

قیام بمقام مصر: ۷ سال

آمد پاکستان: ۱۹۵۶ء

اسماء مرشدان گرامی مع سلاسل کہ ازخود ازراہ سفقت و فیض خلافت و اجازت خصوصی سے سرفراز فرمایا:

سلاسل	اسمآءِ مشائخ
قادریہ شطاریہ:	سیّد مسعود علی شاہؒ
قادریہ سہروردیہ:	سیّد شرف الدین مصطفیٰؒ
چشتیہ صابریہ:	سید پیر محمد شاہؒ
نقشبندیہ مجددیہ:	سیّد کرم حسین شاہؒ

اولاد:

(۱) سیّد محمد شاہ صائم قادری (۲) سیّد عابد علی شاہ موج دریا قادری

(۳) سیّد ابوصالح شاہ چمن صمدانی قادری (۴) سیّد ابوسعید شاہ گلشن قادری

زیر سرپرستی ادارے:

آستانہ عالیہ محبوبیہ قادریہ غوثیہ بانوا دیپالپور

انجمن فیضانِ غوثیہ (رجسٹرڈ) دیپالپور — غوثیہ طبیہ کالج دیپالپور

غوثیہ ہومیو پیتھک میڈیکل کالج دیپالپور — غوثیہ لاء کالج دیپالپور*

دواخانہ معدنِ شفاءِ سادات دیپالپور — ماہنامہ محبوب طب دیپالپور

صائم اکیڈمی پبلک سکول دیپالپور — باہو ہومیو پیتھک میڈیکل کالج کمالیہ

غوث صمدانی فاؤنڈیشن (رجسٹرڈ) پاکستان — ماہنامہ صمدانی ڈائجسٹ دیپالپور

معدن شفاء سادات (پرائیویٹ) لمیٹڈ دیپالپور

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

تاریخ وصال = ۱۹ شعبان المعظم ۱۴۳۵ ہجری بمطابق 18 جون 2014 بروز بدھ۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَصلُھَا ثَابِت وَّفَرعُھَا فِی السَّمَآء

شجرہ شریف بطریقۂ واسطہ

خلافت سلسلہ قادریہ غوثیہ محبوبیہ بانوا

	اسماء مشائخ گرامی	مقام مزار
١	الٰہی بحرمت فقیر سید محبوب علی نور اللہ شاہ بانوا	مدظلہ العالی
٢	الٰہی بحرمت فقیر سید محمود علی شاہ قل ہو اللہ بانوا رحمۃ اللہ علیہ	بھروچ گجرات بھارت
٣	الٰہی بحرمت فقیر سید فضل معصوم علی صلِ علیٰ شاہ بانوا رحمۃ اللہ علیہ	بھروچ گجرات بھارت
٤	الٰہی بحرمت فقیر سید تبارک اللہ شاہ بانوا رحمۃ اللہ علیہ	کاٹھیاواڑ گجرات بھارت
٥	الٰہی بحرمت فقیر سید بسم اللہ شاہ بانوا رحمۃ اللہ علیہ	بھروچ گجرات بھارت
٦	الٰہی بحرمت فقیر سید گلاب علی شاہ بانواہ رحمۃ اللہ علیہ	لکسر گجرات بھارت
٧	الٰہی بحرمت فقیر سید یتیم علی شاہ بانوا رحمۃ اللہ علیہ	لکسر گجرات بھارت
٨	الٰہی بحرمت فقیر سید اولٰی یقین شاہ بانوا رحمۃ اللہ علیہ	بھروچ گجرات بھارت
٩	الٰہی بحرمت فقیر سید محمد تقی شاہ بانوا رحمۃ اللہ علیہ	دکھن حیدر آباد بھارت
١٠	الٰہی بحرمت فقیر سید محمد مظفر شاہ بانوا رحمۃ اللہ علیہ	بمبئی بھارت

١١	الٰہی بحرمت فقیر سید اولیٰ حسین شاہ بانوار حمۃ اللہ علیہ	پونا بھارت
١٢	الٰہی بحرمت فقیر سید وہاب شاہ بانوا رحمۃ اللہ علیہ	لکسر گجرات بھارت
١٣	الٰہی بحرمت فقیر سید حاجی قاسم سغری شاہ بانوا رحمۃ اللہ علیہ	لکسر گجرات بھارت
١٤	الٰہی بحرمت فقیر سید قادر الاولیاء شاہ بانوار حمۃ اللہ علیہ	سورت بھارت
١٥	الٰہی بحرمت فقیر سید محمد حلیم شاہ بھنڈاری بانوا رحمۃ اللہ علیہ	لکسر بھارت
١٦	الٰہی بحرمت فقیر سید محیان شاہ بانوار حمۃ اللہ علیہ	لکسر بھارت
١٧	الٰہی بحرمت فقیر سید سیف اللہ شاہ بانوار حمۃ اللہ علیہ	دیو گڑھ باریہ بھارت
١٨	الٰہی بحرمت فقیر سید موسیٰ پیر اگ شاہ بانوار حمۃ اللہ علیہ	حیدر آباد دکھن بھارت
١٩	الٰہی بحرمت فقیر سید حسن شاہو بانوار حمۃ اللہ علیہ	بھڑوچ گجرات بھارت
٢٠	الٰہی بحرمت فقیر سراج الدین سید عبدالجبار شاہ گیلانی بانوار حمۃ اللہ علیہ	بغداد شریف عراق
٢١	الٰہی بحرمت فقیر سید نور الحق عین اللہ شاہ بانوا رحمۃ اللہ علیہ	بغداد قدیم عراق
٢٢	الٰہی بحرمت فقیر سید محی الدین شیخ عبدالقادر جیلانی بانوا رحمۃ اللہ علیہ	بغداد شریف عراق
٢٣	الٰہی بحرمت فقیر سید ابو سعید محمد مبارک مخزومی بانوا رحمۃ اللہ علیہ	واسطہ بغداد عراق

۲۴	الٰہی بحرمت فقیر سید ابوالحسن علی ہنکاری اہلِ قریش بانوا رحمۃ اللہ علیہ	ہنکار شریف عراق
۲۵	الٰہی بحرمت فقیر علاوالدین ابوالفرح ابن یوسف طرطوسی بانوا رحمۃ اللہ علیہ	طرطوس عراق
۲۶	الٰہی بحرمت فقیر عبدالواحد عزیز یمنی بانوا رحمۃ اللہ علیہ	بغداد قدیم عراق
۲۷	الٰہی بحرمت فقیر ابوبکر شبلی بانوا رحمۃ اللہ علیہ	بغداد قدیم عراق
۲۸	الٰہی بحرمت فقیر حضرت جنید بغدادی بانوا رحمۃ اللہ علیہ	بغداد قدیم عراق
۲۹	الٰہی بحرمت فقیر ابوالحسن سری سقطی بانوا رحمۃ اللہ علیہ	بغداد قدیم عراق
۳۰	الٰہی بحرمت فقیر معروف کرخی بانوا رحمۃ اللہ علیہ	بغداد قدیم عراق
۳۱	الٰہی بحرمت فقیر داؤد طائی بانوا رحمۃ اللہ علیہ	بغداد قدیم عراق
۳۲	الٰہی بحرمت فقیر حبیب عجمی بانوا رحمۃ اللہ علیہ	بغداد قدیم عراق
۳۳	الٰہی بحرمت فقیر حسن بصری بانوا رحمۃ اللہ علیہ	صحرائے بصرہ عراق
۳۴	الٰہی بحرمت فقیر علی مرتضٰی مشکل کشاء بانوا کرم اللہ وجہہ	نجفِ اشرف عراق
۳۵	الٰہی بحرمت سید الفقراء محمد رسول اللہ ﷺ بانواؤں کے بانوا	مدینہ منورہ سعودی عرب

وبحق جبرائیل ومیکائیل واسرافیل وعزرائیل وبحق لحمک لحمی دمک دمی جسمک جسمی اسمک اسمی تخت رب العالمین کے دیکھنے والے لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ ﷺ برحمتک یا ارحم الراحمین۔

ابن محبوب

فقیر بانوا سید محمد شاہ صائمؒ عرف فیض الاسرار

قادری چشتی نقشبندی سہروردی

تالیفات

تصوف

اطمینان قلب

(تعلیمات تصوف کا ابتدائی نصاب)

اوراد اسمائے سبعہ

(غوث الاعظم پیران پیر شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کے خاص ذکر کے اسماء الٰہی)

طب

مختصر الکلیات جدید — حصہ اول — نصاب فاضل طب و جراحت

مختصر الکلیات جدید — حصہ دوم — نصاب فاضل طب و جراحت

فزیالوجی — حصہ اول — نصاب فاضل طب و جراحت

فزیالوجی — حصہ دوم — نصاب فاضل طب و جراحت

زیر تالیف

تشخیص — نبض — قارورہ — نفسیات

اعمال سورہ اخلاص — حفظان صحت — اسم اعظم

دربار عالیہ قادریہ غوثیہ محبوبیہ بانوا مدینتہ المحبوب غوثیہ طبیہ کالج نزد پل بیاس اوکاڑہ روڈ، پال پور ضلع اوکاڑہ

044-4546092-0334-4549292-0300-4695094

غوث الاعظم شاہ جیلاں درمیان اولیاء

چوں محمد ﷺ درمیان انبیاء

یاغیاث المستغیثین

در کار ہے گر دو جہاں کی بہتری

کر اختیار دائمی غلامی خاندان قادری (رضی اللہ عنہ)

سالانہ عرس مبارک

19,18,17 شعبان المعظم

قطب الاقطاب شمس العارفین سراج السالکین

حضرت سید محبوب علی شاہ رحمۃ اللہ علیہ عرف نور اللہ شاہ قادری

17 شعبان المعظم

قرآن خوانی بر مزار مبارک بعد از نماز فجر

غسل مرقد انور ـــ 07:30 بجے صبح

چادر پوشی ـــ 08:00 بجے صبح

پرچم کشائی ـــ 08:15 بجے صبح

مختصر محفل ختم خواجگان دعا ـــ 08:20 بجے صبح

محفل میلاد شریف بعد از نماز عشاء

18 شعبان المعظم

محفل ذکر صبح بعد از نماز فجر

ختم خواجگان 07:00 بجے صبح

محفل ختم خواجگان بعد از نماز عصر

لنگر بعد از نماز مغرب

محفل سماع 11 بجے رات

19 شعبان المعظم

قرآن خوانی

بعد از نماز فجر تا 9 بجے صبح

سورۃ یٰسین ـــ 9 بجے صبح

ختم خواجگان ـــ 9:20 بجے صبح

دعائے اختتامی ـــ 1 بجے دوپہر

لنگر ـــ 01:30 بجے دوپہر

بمقام: دربار عالیہ قادریہ غوثیہ محبوبیہ بانو امدینۃ المحبوب غوثیہ طبیہ کالج نزد پل بیاس اوکاڑہ روڈ دیپال پور ضلع اوکاڑہ

044-4546092-0334-4549292-0300-4695094

تالیفات فقیر حکیم پیر سیّد محبوبؒ علی شاہ قادریہ غوثیہ بانوا

سرپرست اعلیٰ: انجمنِ فیضانِ غوثیہ، دیپالپور

تصوّف:

دعوتِ حق۔ وصل حق۔ ضیاء القلوب، سلوک معرفت
راہِ طریقت۔ فیضانِ غوثیہ، تلاوت الوجود،
وحدت الوجود، آئینہ سرِ ربّانی

وظائف:

دعاءِ سیفی۔ دعاءِ حزب البحر، دعاءِ رحمانی
درودِ مستغاث، ختم خواجگان، قصیدۂ بردہ شریف
زینۂ ولایت کبریٰ، تصرفات اسم اعظم، درودِ غوثیہ شریف
مفتاح الولایت یعنی رسالہ اللہ الصمد باموکیل

عملیات:

معدنِ عملیاتِ سادات، تجلیات شمع محبوب
دعوتِ متوکلات، تسخیر و حاضرات روحانیات و جنات، جواہر محبوب الجفر

طب:

معدن شفاءِ سادات، رسالہ ضعف باہ،
طبی فارما کوپیا اسلامیہ، طبی صندوقچہ،
مطب غوثیہ طبتیہ کالج، خلاصۃ الطب، رسالہ موتیابند،

ملنے کا پتہ: محبوبؒ سنز پیلی پہاڑ روڈ دیپالپور (اوکاڑہ)
شیخ محمد بشیر اینڈ سنز جلال الدین ہسپتال بلڈنگ اردو بازار لاہور